# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 08 October-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۸/اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** **** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ نکسلائٹس کی سپلائی لائن توڑنے میں مہاراشٹر نے کامیابی حاصل کی ہے۔نئی دہلی کے خصوصی اجلاس میں وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کا دعویٰ۔

☆ خوردنی اشیاء میں ملاوٹ کے تدارک کیلئے ملک بھر میں 100 تجربہ گاہیں شروع ہوں گی۔

☆ حج 2025 کیلئے حج کمیٹی کی جانب سے عازمینِ حج کی قرعہ اندازی مکمل؛منتخب عازمین کی فہرست جاری۔

☆ امدادِ باہمی اداروں اور بازار کمیٹیوں کے انتخابات مؤخر۔

اور۔۔۔☆ 70ویں قومی فلم ایوارڈز کی آج صدرِ جمہوریہ کے ہاتھوں تقسیم۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ نکسلائٹس کی سپلائی چین توڑنے میں مہاراشٹر نے بڑی کامیابی حاصل کی ہے اور شمالی گڈچرولی علاقہ مسلح نکسلائٹس سے پاک ہوچکا ہے۔ ملک میں نکسل سرگرمیوں سے متاثرہ ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ کا ایک اجلاس مرکزی وزیرِ داخلہ امیت شاہ کی زیرِ صدارت کل نئی دہلی میں منعقد ہوا۔اس اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے شندے نے کہا کہ بھامراگڑھ علاقے کے 19 دیہاتوں نے نکسلائٹس کے گاؤں میں آنے پر پابندی عائد کردی ہے اور یہ ہماری ترقیاتی پالیسی کی کامیابی کا نتیجہ ہے۔انھوں نے بتایا کہ ریاست میں گذشتہ برسوں کے دوران نکسلائٹ مخالف مہم مزید تیز کی گئی۔ مسلح نکسل عناصر کی تعداد 2013 میں 550 تھی اور 2024 میں یہ صرف 56 رہ گئی ہے۔گذشتہ چھ برسوں میں 96 مسلح ماؤنواز ہلاک ہوئے' 161 پکڑے گئے اور 70 افراد نے خودسپردگی کی ہے۔

اس اجلاس میں مہاراشٹر کے علاوہ آندھراپردیش' بہار' چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ' تلنگانہ، اُڑیسہ اور مدھیہ پردیش کے وزرائے اعلیٰ نے شرکت کی۔ امیت شاہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ نکسل اِزم کے خلاف لڑائی آخری مرحلے میں ہے اور اعتماد ظاہر کیا کہ تمام طبقات کی اعانت حاصل رہی تو 2026 تک ملک مکمل طور پر نکسلائٹس سے پاک ہوجائے گا۔ انھوں نے تلقین کی کہ نکسل ازم کی راہ پر گامزن افراد ہتھیار پھینک کر قومی دھارے میں شامل ہوجائیں۔

***** **** *****

جموں وکشمیر اور ہریانہ اسمبلی انتخابات کیلئے ووٹوں کی گنتی کا آغاز ہوچکا ہے۔اب سے کچھ دیر پہلے دونوں ریاستوں میں ووٹوں کی گنتی کا آغاز ہوا۔ جموں وکشمیر میں ووٹوں کی گنتی کیلئے قائم کردہ 20 مراکز پر سخت حفاظتی انتظامات کیے گئے ہیں۔

***** **** *****

نئی تیار کردہ گاڑیوں کے رجسٹریشن کیلئے چوتھا کمپیوٹرائز ڈ نظام تیار کیا گیا ہے۔ ساڑھے سات کوئنٹل سے کم وزن کی مال برداری کرنے والی فورہیلر گاڑیوں کا رجسٹریشن اب گاڑیوں کے مجاز ڈیلروں کے ذریعے کیا جائیگا۔ اس فیصلے کا آٹو موبائل اسوسی ایشن کی جانب سے خیر مقدم کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

خوردنی اشیاء میں ملاوٹ کے تدارک اور معیار کو بہتر بنانے کی غرض سے مرکزی فوڈ پروسیسنگ صنعت کی وزارت کی جانب سے ملک میں 100 تجربہ گاہیں شروع کی جائیں گی۔ مرکزی وزیر برائے فوڈ پروسیسنگ چراغ پاسوان نے کل نئی دہلی میں ''فکّی'' کی جانب سے منعقدہ ایک پروگرام میں یہ اعلان کیا۔ انھوں نے بتایا کہ غذائی اشیاء کو خراب ہونے سے بچانے کیلئے تابکاری تکنیک کا استعمال کیا جائیگا۔ ہندوستان میں طئے کردہ معیار کو مستقبل میں عالمی معیار کے طور پر استعمال کیے جانے اور صنعتی دنیا کی جانب سے ملک کی کثیر الجہت پیداوار کا مکمل استعمال کرنے کی ترغیب بھی وزیرِ موصوف نے دی۔

***** ***** *****

مرکزی وزارت برائے اقلیتی اُمور کے زیرِ انصرام حج کمیٹی آف انڈیا کی جانب سے حج 2025 کیلئے عازمین کی فہرست قرعہ اندازی کے بعد کل جاری کردی گئی۔ دہلی میں حج برانچ آفس پر کل صبح یہ کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی عمل میں آئی۔ مہاراشٹر کیلئے حج 2025 کیلئے مجموعی طور پر 23 ہزار 395 درخواستیں موصول ہوئی تھیں اور ان میں سے 17 ہزار 397 عازمین کا قرعہ اندازی کے ذریعے انتخاب عمل میں آیا۔

درخواستیں ویٹنگ لسٹ میں رکھی گئی ہیں۔ منتخب شدہ خوش قسمت عازمینِ حج کو اس ماہ کی 21 تاریخ تک پیشگی رقومات اور دستاویزات حج کمیٹی کے دفتر روانہ کرنا ہوگا۔

***** ***** *****

سانگلی کے آل مہاراشٹر ناٹیہ وِدّیا مندر کمیٹی کا 57 واں وشنوداس بھاوے گورو ایوارڈ بزرگ ادا کارہ سہاس جوشی کو دیا جائیگا۔ کمیٹی کے سربراہ ڈاکٹر شرد کراڑے نے کل ایک اخباری کانفرنس میں یہ اعلان کیا۔ یہ ایوارڈ اعزازی تمغے، 25 ہزار روپئے نقد اور سپاسنامے پر مشتمل ہے۔ آئندہ 5 نومبر کو سانگلی میں انھیں یہ ایوارڈ دیا جائیگا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

حکومتِ مہاراشٹر نے تمام امدادِ باہمی اداروں اور زرعی بازار کمیٹیوں کے انتخابات مؤخر کردیئے ہیں۔ مجوزہ اسمبلی انتخابات کے سبب یہ انتخابات 31 دسمبر تک مؤخر کیے جانے سے متعلق سرکاری حکمنامہ کل جاری کیا گیا۔ اس سرکاری بیان میں وضاحت کی گئی ہے کہ ڈھائی سو سے کم ارکان والی امدادِ باہمی ہاؤزنگ تنظیموں اور عدالتی احکامات کے تحت آنے والے امدادِ باہمی اداروں کے انتخابات اپنے مقررہ وقت پر ہی ہوں گے۔

***** ***** *****

مغربی مہاراشٹر کے مراٹھواڑہ کے حق کا پانی اُجنی ڈیم سے 146 کلومیٹر طویل پائپ لائن کے ذریعے براہِ راست سینا ندی میں چھوڑا جائے گا۔ اس کام کیلئے حکومت نے 276 کروڑ روپئے کے منصوبے کا ورک آرڈر جاری کیا۔ طویل المدتی اہداف کو پیشِ نظر رکھ کر کیے گئے اس پالیسی فیصلے کے باعث تلجاپور، لوہارا اور عمرگہ تعلقوں کے 10 ہزار 862 ہیکٹر رقبے کو فائدہ پہنچے گا۔ یہ اطلاع رکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے دی۔ انھوں نے بتایا کہ چھ مرحلوں میں مکمل ہونے والے اس کام میں دو اعشاریہ دو چار ٹی ایم سی پانی دسمبر کے اواخر تک تلجاپور پہنچے گا۔

***** ***** *****

70ویں قومی فلم ایوارڈز آج دہلی میں صدرِ جمہوریہ دَروپدی مُرمو کے ہاتھوں تقسیم کیے جائیں گے۔اس پروگرام میں بزرگ اداکار متھن چکرورتی کو داداصاحب پھالکے ایوارڈ دیا جائیگا۔

***** ***** *****

قومی صفائی کارکنوں کے کمیشن کے رُکن پی پی واوا نے کہا ہے کہ صفائی مزدوروں سے متعلق قوانین‘ انھیں فراہم کی جانے والی سہولیات اور حکومت کی جانب سے دی جانے والی ہدایات پر سختی عمل درآمد‘ ناندیڑ میونسپل کارپوریشن اور دیگر مقامی خودمختار اداروں میں ہونا چاہیے۔کل ناندیڑ میں اس خصوص میں منعقدہ ایک اجلاس سے وہ خطاب کر رہے تھے۔اس موقع پر انھوں نے صفائی ورکروں کی موجودہ صورتحال کا جائزہ بھی لیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو حصولِ علم کے ذریعے تعلیم یافتہ ہونے کے ساتھ ساتھ تہذیب یافتہ ہونے کی بھی ضرورت ہے۔چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع انتظامیہ کی جانب سے ”یوواسنواد“ پروگرام کا کل سے آغاز ہوا۔اس موقعے پر اپنے خطاب میں دلیپ سوامی نے کہا کہ شخصیت بہتر بنانا یعنی ذہنی نشوونماء ہونا ضروری ہے اور جدیدیت کے نام پر ہم اپنی تہذیب سے دور ہوتے جا رہے ہیں۔

***** ***** *****

اسی دوران آئندہ اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر کل چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کلکٹر دفتر میں تمام نوڈل آفیسرز کی تربیت کا پروگرام بھی ہوا۔ضلع کلکٹر اور ضلع انتخابی افسر دلیپ سوامی نے اس پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انتخابی کام کاج کرتے وقت تمام شعبوں کا باہم مربوط ہونا ضروری ہے۔اس کے علاوہ انھوں نے رائے دہندگان میں بیداری پیدا کر کے رائے دہی کی اہمیت اُجاگر کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں بودھ لینی علاقے میں مجوزہ کارروائی کے خلاف کل شہر میں ایک احتجاجی جلوس نکالا گیا۔ڈویژنل کمشنر تک لے جائے گئے اس جلوس میں بودھ مذہب کے رہنماء‘ وکلاء تنظیموں کے نمائندے اور عوام بڑی تعداد میں شریک تھیں۔جلوس میں شامل افراد نے بودھ مذہب سے متعلق ان غاروں کو عالمی سیاحتی مرکز کا درجہ دیئے جانے کا بھی مطالبہ کیا۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ نکسلائٹس کی سپلائی لائن توڑنے میں مہاراشٹر نے کامیابی حاصل کی ہے۔نئی دہلی کے خصوصی اجلاس میں وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کا دعویٰ۔

☆ خوردنی اشیاء میں ملاوٹ کے تدارک کیلئے ملک بھر میں 100 تجربہ گاہیں شروع کی جائیں گی۔

☆ حج 2025 کیلئے حج کمیٹی کی جانب سے عازمینِ حج کی قرعہ اندازی مکمل؛ منتخب عازمین کی فہرست جاری۔

☆ امدادِ باہمی اداروں اور بازار کمیٹیوں کے انتخابات مؤخر۔

اور۔۔۔☆ 70 ویں قومی فلم ایوارڈز کی آج صدرِ جمہوریہ کے ہاتھوں تقسیم۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل‘ پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****